سوال

(131) پتلی جرابوں پر مسح کرنا جائز ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بعض حضرات پتلی جرابوں پر مسح کو ناجائز قرار دیتے ہیں ان کی شرط ہے کہ جراب اتنی موٹی ہو کہ اُس میں پاؤں نظر نہ آئے۔ کیا یہ درست ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جرابوں پر مسح مطلقاً جائز ہے۔

جس شے کا نام ''جورب'' ہے اس پر مسح کرنا جائز ہے۔ چاہے موٹی ہو یا باریک۔ لغت میں ''جورب'' کی تعریف ''لِفَافَةُ الرِّجلِ'' یا ''غِشَاءُ القَدَمِ'' ہے تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو! (المسح علی الجوربین جمال الدین قاسمی)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الطہارۃ : صفحہ: 153

محدث فتویٰ